طَيِّبٌ سَأَبْقَى فِي الْبيتِ.

Ok, I'll remain at home.

ٹھیک ہے، میں گھر پر رہوں گا۔

فِي مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ

At the Post Office

ڈاک خانے میں

أَيْنَ أَقْرَبُ مَكْتَبِ بَرِيْدٍ؟

Where is the nearest post office?

قریب ترین ڈاک خانہ کہاں ہے؟

هَـلْ يُمْكِنُنِى الذَّهَابُ إِلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ مَاشِيًا؟

Can I go walking to the post office.

کیا میں ڈاک خانے پیدل جا سکتا ہوں؟

إِنَّهُ بَعِيدٌ جِدًّا لِأَنْ تَذْهَبُ مَاشِيًا.

It is not at a walking distance.

پیدل جانے کے لیے کافی دور ہے۔

أَرْجُوكَ أَنْ تَدُلَّنِي عَلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ.

Please show me the way to the post office.

براہ کرم آپ مجھے ڈاک خانہ کا راستہ بتا دیجیے۔

عَلَيْكَ أَنْ تَذْهَبَ فِي التَّاكْسِي.

You should go by taxi.

آپ کو ٹیکسی سے جانا چاہیے۔

هَلْ أَطْلُبُ لَكَ تَاكْسِي؟

Should I call a taxi for you?

کیا میں آپ کے لیے ٹیکسی بلاؤں؟

نَعَمْ: اُطْلُبْ لِي تَاكْسِي مِنْ فَضْلِكَ.

Yes, please call a taxi for me.

ہاں براہ کرم ٹیکسی بلا دیجیے۔

مَتَىٰ يُفْتَحُ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ؟

When does the post office open?

ڈاک خانہ کب کھلتا ہے؟

يُفْتَحُ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ فِي السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ.

The post office opens at 10 o' clock.

ڈاک خانہ دس بجے کھلتا ہے۔

مَتَىٰ يُقْفَلُ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ؟

When does the post office close?

ڈاک خانہ کب بند ہوتا ہے؟

يُقْفَلُ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ فِي السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ.

The post office closes at 5 o' clock.

ڈاک خانہ پانچ بجے بند ہوتا ہے۔

أَيْنَ شُبَّاكُ الطَّوَابِعِ؟

Where is the counter for stamps?

ٹکٹ کون سی کھڑکی پر ملیں گے؟

يُمْكِنُكَ أَنْ تَشْتَرِىَ الطَّوَابِعَ مِنَ الشُّبَّاكِ رَقْم(١٠)

You can buy the stamps from counter No 10.

آپ ٹکٹ کھڑکی نمبر دس سے خرید سکتے ہیں۔

أُرِيْدُ أَرْبَعَةَ طَوَابِعَ مِنْ فِئَةِ رُوْبِيَّةٍ وَاحِدَةٍ وَطَابَعَيْنِ مِنْ فِئَةِ رُوْبِيَّتَيْنِ.

I want four stamps of one rupee and two stamps of two rupees.

مجھے چار ایک روپے والے اور دو دو روپے والے ٹکٹ چاہئیں۔

بِكَمِ الْخِطَابُ لِمِصْرَ؟

What are the postal charges for Egypt?

مصر کے لیے خط کتنے میں جاتا ہے؟

هَلْ كُلُّ الْخِطَابَاتِ تُرْسَلُ بِالْبَرِيْدِ الْجَوِّىّ؟

Are all the letters sent by air mail?

کیا تمام خطوط ایر میل سے جاتے ہیں؟

أُرِيْدُ أَنْ أُرْسِلَ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ بِالْبَرِيْدِ الْجَوِّىّ.

I want to send this letter by air mail.

میں یہ خط ہوائی ڈاک سے بھیجنا چاہتا ہوں۔

أَيْنَ صُنْدُوْقُ الْخِطَابَاتِ؟

Where is the letter box?

لیٹر بکس کہاں ہے؟

أُرِيْدُ إِرْسَالَ هٰذَا الطَّرْدِ.

I want to send this parcel

میں یہ پارسل بھیجنا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ إِرْسَالَ هٰذِه الْخِطَابَاتِ بِالبَرِيْدِ الْمُسَجَّلِ.

I want to sent these letters by registered post.

میں یہ خطوط رجسٹرڈ ڈاک سے بھیجنا چاہتا ہوں۔

مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي بِطَاقَةً وَمَظْرُوفاً.

Please give me a post card and an envelope.

براہ مہربانی مجھے ایک پوسٹ کارڈ اور ایک لفافہ دیجیے۔

أُرِيْدُ أَنْ أُحَوِّلَ هٰذَا الطَّرْدَ عَلَى الْمُشْتَرِى بِالْبَرِيْدِ.

I want to send this parcel by VP.

میں یہ پارسل وی پی کرنا چاہتا ہوں۔

أَيْنَ الطَّرْدُ الْمُحَوَّلُ.

Where is the VP parcel?

وی پی پارسل کہاں ہے؟

هَلْ تَوْجَدُ عِنْدَ كُمْ خِطَابَاتٌ لِيْ.

Do you have letters for me?

کیا آپ کے پاس میری ڈاک ہے؟

اِسْمِي رَاشِدٌ.

My name is Rashid.

میرا نام راشد ہے۔

رَقْمُ صُنْدُوق بَرِيْدِى ٧٨٦

My post box No. is 786.

میرا پوسٹ بکس نمبر ۷۸٦ ہے۔

أُرِيْدُ أَنْ أُرْسِلَ بَرْقِيَّةً.

I want to send a telegram.

میں ایک ٹیلی گرام بھیجنا چاہتا ہوں۔

هَلْ تُرِيْدُ إِرْسَالَ بَرْقِيَّةٍ عَادِيَّةٍ أَوْ عَاجِلَةٍ؟

Do you want to send an ordinary telegram or an urgent one?

کیا آپ آرڈنری ٹیلی گرام بھیجنا چاہتے ہیں یا ارجنٹ؟

أُرِيْدُ إِرْسَالَ بَرْقِيَّةٍ عَاجِلَةٍ.

I want to send an urgent telegram.

میں ارجنٹ ٹیلی گرام بھیجنا چاہتا ہوں۔

طَيِّبٌ : عَبِّئْ اِسْتِمَارَةِ الْبَرْقِيَّةِ.

All right, fill in this form for telegram

ٹھیک ہے: ٹیلی گرام کا فارم پر کیجیے۔

هَلْ تَتَكَرَّمُ بِتَعْبِئَةِ هَذِهِ الْاِسْتِمَارَةِ لِأَنِّي لَا أَعْرِفُ الْكِتَابَةَ.

Will you please fill in this form, because I don't know how to write.

کیا براہ مہربانی آپ یہ فارم بھر دیں گے کیوں کہ میں لکھنا نہیں جانتا۔

كَمْ يُكَلِّفُ إِرْسَالُ هَذِهِ الْبَرْقِيَّةِ الْعَاجِلَةِ؟

What are the charges for this urgent telegram?

اس ارجنٹ ٹیلی گرام کو بھیجنے میں کتنا خرچ آئے گا؟

عَشْرُ رُوبِيَّاتٍ فَقَطْ.

Only ten rupees

صرف دس روپے

بِكَمْ كَلِمَةٌ وَاحِدَةٌ؟

How much is it per word.

ایک لفظ کا کیا لگتا ہے؟

رُوبِيَّةٌ لِكُلِّ كَلِمَةٍ.

One rupee per word.

ایک لفظ کا ایک روپیہ

مَتَى تَصِلُ الْبَرْقِيَّةُ إِلَى مُومْبَاي؟

When will the telegram reach Mumbai?

ٹیلی گرام بمبئی کب پہنچے گا؟

فِي الصَّبَاحِ.

In the morning.

صبح کو

مَكْتَبُ الْبَرِيدِ الْعَامِّ.

General post office.

جنرل پوسٹ آفس (بڑا ڈاک خانہ)

اَلْأَلْفَاظُ الْمُتَعَلِّقَةُ بِالْبَرِيْدِ وَمَعَانِيْهَا
Related Words and Their Meanings
متعلقہ الفاظ اور ان کے معنی

مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ الرَّئِيْسِيّ	ہیڈ پوسٹ آفس	Main post office.
صُنْدُوْقُ الْبَرِيْدِ	پوسٹ آفس	Post Box
طَرْدٌ	پارسل	Parcel
صُنْدُوْقُ الْخِطَابَاتِ	پوسٹ بکس (لیٹر بکس)	Letter Box
أُجْرَةُ الْبَرِيْدِ.	محصول ڈاک	Postal charges
إِسْمُ الْمُرْسِلِ	بھیجنے والے کا نام	Sender' s name
عُنْوَانُ الْمُرْسِلِ	بھیجنے والے کا پتہ	Sender's address
اَلْمُرْسَلُ إِلَيْهِ	پانے والا (مکتوب الیہ)	Adressee
خِطَابٌ مُسَجَّلٌ	رجسٹرڈ خط	Registered Letter

مَطْبُوْعَاتٌ	پرنٹڈ میٹر	Printed matterd
حَوَالَةٌ بَرِيْدِيَّةٌ	پوسٹل آرڈر	Postal order
وَكِيْلُ مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ	پوسٹ ماسٹر	Postmaster
مُـوَزِّعُ الْبَـرِيْـدِ	پوسٹ مین (ڈاکیہ)	Postman
سَاعِي الْبَرِيْدِ		
مَكْتَبُ اِسْتِعْلَامَاتٍ	انکوائری آفس	Inquiry office
حَوَالَةٌ مَالِيَّةٌ	منی آرڈر	Money order
فَرْزُ الْخِطَابَاتِ	خطوط چھانٹنا	Sorting of letters
طَرْدٌ مُؤَمَّنٌ عَلَيْهِ	انشورڈ پارسل	Insured parcel
شَهَادَةٌ جُمْرُكِيَّةٌ	کسٹم ڈکلریشن	Customs Declaration
حَقِيْبَةُ الْبَرِيْدِ	ڈاک کا تھیلا	Postal bag
رِسَالَةٌ جَوِّيَّةٌ	ہوائی ڈاک سے بھیجا جانے والا خط (ایئرمیل)	Air mail
خَتْمُ الْبَرِيْدِ	ڈاک کی مہر	Postal seal

Postal stamp	ڈاک ٹکٹ	طَابَعُ الْبَرِيْدِ
By air mail	ہوائی ڈاک سے	بِالْبَرِيْدِ الْجَوِّیِّ
Address	پتا	عُنْوَانٌ
Paper for writing the letter	خط لکھنے کا کاغذ	وَرَقٌ لِكِتَابَةِ الرَّسَائِلِ
Postcard	پوسٹ کارڈ	بِطَاقَةٌ بَرِيْدِيَّةٌ
Envelope	لفافہ	ظَرْفٌ
Flap	فلیپ	لِسَانُ الظَّرْفِ
Telegram	تار	بَرْقِيَّةٌ
Sealing wax	مہر لاکھ	شَمْعٌ أَحْمَرُ
Label for writing name and address	لیبل	بِطَاقَةٌ لِكِتَابَةِ اَلاِسْمِ وَالْعُنْوَانِ

The bank — بنک — اَلْبَنْكُ

Where is the nearest bank?
قریب ترین بنک کہاں ہے؟
أَيْنَ أَقْرَبُ بَنْكٍ؟

Where can I change the travellers cheques?
ٹریولرس چیک کہاں کیش ہو سکتے ہیں؟
أَيْــنَ يُــمْـكِـنُ صَــرْفُ شِيْـكَـاتٍ سِيَاحِيَّةٍ؟

I want to open an account in the bank.
میں بنک میں اکاؤنٹ کھولنا چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ أَنْ أَفْتَحَ حِسَاباً فِي الْبَنْكِ.

Which account do you want to open?
آپ کون سا اکاؤنٹ کھولنا چاہتے ہیں؟
أَيَّ حِسَابٍ تُرِيْدُ أَنْ تَفْتَحَ؟

Fixed deposit or current account?
فکسڈ ڈپازٹ اکاؤنٹ یا کرنٹ اکاؤنٹ؟
حِسَابَ إِيْدَاعٍ أَمْ حِسَابًا جَارِيًا؟

How much money do you want to deposit into the account?
آپ اکاؤنٹ میں کتنی رقم جمع کرانا چاہتے ہیں؟
كَمْ مَبْلَغًا تُرِيْدُ أَنْ تُوْدِعَ فِي الْحِسَابِ؟

How much interest do you give?
آپ کتنا انٹرسٹ (سود) دیتے ہیں؟
مَامِقْدَارُ الْفَائِدَةِ الَّتِي تَدْفَعُوْنَهَا

10% on the fixed deposit.
فکسڈ ڈپازٹ پر ۱۰ فیصد
١٠ /عَلَى الْحِسَابِ الْمُوْدَعِ.

أُرِيْدُ صَرْفَ دُوْلَارَاتٍ.

I want to change some dollars.

میں ڈالر تبدیل کرانا چاہتا ہوں۔

مَاسِعْرُ الصَّرْفِ؟

What is the rate of exchange?

تبدیل کرنے کا ریٹ کیا ہے؟

مَاالْعُمُوْلَةَ الَّتِي يَأْخُذُهَا الْبَنْكُ

What commission does the bank take?

بنک کتنا کمیشن لیتا ہے؟

مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي وَرَقَةً مِنْ فِئَتِ الْعَشْرِ دُوْلَا رَاتٍ وَبَعْضَ الْفَكَّةِ.

Please give me a note of ten dollars and some change.

براہ کرم مجھے دس ڈالر کا ایک نوٹ دیجیے اور کچھ ریز گاری۔

أَعْطِنِيْ عَشْرَ أَوْرَاقٍ مِنْ فِئَةٍ كَبِيْرَةٍ وَالْبَاقِي مِنْ فِئَاتٍ صَغِيْرَةٍ.

Please give me ten big notes and the rest small ones.

مجھے دس بڑے نوٹ دیجیے اور باقی چھوٹے۔

مِنْ فَضْلِكَ رَاجِعْ هَذَا.

Please check it.

براہ کرم اس کو چیک کر لیجیے۔

أُرِيْدُ إِيْدَاعَ هَذَا فِي حِسَابِي

I want to deposit this into my account.

میں یہ اپنے اکاؤنٹ میں جمع کرانا چاہتا ہوں۔

أَيْنَ أُوَقِّعُ ؟

Where do I sign?

دستخط کہاں کروں؟

حَسَابٌ جَارٍ

Current account

کرنٹ اکاؤنٹ

English	Urdu	Arabic
Fixed deposit account	فکسڈ ڈپازٹ اکاؤنٹ	حِسَابُ إِيْدَاعٍ
Money	رقم	مَبْلَغٌ
Cash	کیش	نُقُوْدٌ
Note	بنک نوٹ	وَرَقَةٌ نَقْدِيَّةٌ
Change	ریزگاری	فَكَّةٌ
Currency	کرنسی	عُمْلَةٌ
Draft	ڈرافٹ	حَوَالَةٌ مَالِيَّةٌ
Capital	سرمایہ	رَأْسُمَالٍ
Bill	بل	فَاتُوْرَةٌ
Passbook	پاس بک	دَفْتَرُ الْحِسَابِ
Joint account.	مشترک اکاؤنٹ	حِسَابٌ مُشْتَرَكٌ
Fixed deposit account	فکسڈ ڈپازٹ	حِسَابُ الْوَدِيْعَةِ الثَّابِتَةِ
Savings account.	سیونگ اکاؤنٹ	حِسَابُ الْإِدِّخَارِ

اَلنُّقُوْدُ وَاصْطِلَاحَاتٌ تِجَارِيَّةٌ
Currency and Commercial Terms
سکے اور تجارتی اصطلاحات

Bank- note	کاغذی سکہ	عُمْلَةٌ وَرَقِيَّةٌ
Coins	سکہ	نَقْدٌ ، عُمْلَةٌ مَعْدِنِيَّةٌ
Currency/ cash	زر	عُمْلَةٌ ، نُقُوْدٌ
Change	ریزگاری	فَكَّةٌ
Pound	پاؤنڈ	جُنَيْه
Piaster	پیسہ	قِرْشٌ
Dinar	دینار	دِيْنَارٌ
Fils	فلس	فِلْسٌ
Dollar	ڈالر	دُوْلَارٌ
Business	تجارت	تِجَارَةٌ
Bill	بل	كَمْبِيَالَةٌ
Draft	ڈرافٹ	حَوَالَةٌ

Bill at sight	بل ایٹ سائٹ	حَوَالَةٌ تُدْفَعُ حَالَ الْإِطِّلَاعِ
Bill of exchange	بل اندراج	تَحْوِيلُ الْكَمْبِيَالَةِ
Agency	ایجنسی	وِكَالَةٌ
Interest	سود	اَلْفَائِدَةُ
Bankruptcy	دیوالیہ	تَفْلِيسَةٌ
Damages	تاوان۔ ہرجانہ	تَعْوِيضُ الْخَسَارَةِ
Compensation		
Profit	منافع	رِبْحٌ
Loss	نقصان	خَسَارَةٌ
Income	آمدنی	دَخْلٌ
Capital	سرمایہ	رَأْسُمَالٍ
Register	رجسٹر	دفَاتِرُ سِجِلَّاتٌ
Office	دفتر	مَكْتَبٌ
Clerk	کلرک	كَاتِبٌ
Cashier	خزانچی / کیشئر	أَمِيْنُ صُنْدُوقٍ صَرَّافٌ

Agent	ایجنٹ	وَكِيْلٌ
Discount	چھوٹ / کٹوتی	خَصْمٌ
Receipt	رسید	اِيْصَالٌ، وَصْلٌ
Goods	مال، سامان	بَضَائِعٌ
Bill	رسید، بل	فَاتُوْرَةٌ
Bill of landing	(بل آف لیڈنگ) بحری جہاز سے لدانے کے کاغذات	بُوْلِيْصَةُ شَحْنٍ
Purchase	خرید	شِرَاءٌ
Sale	فروخت	بَيْعٌ
Wholesale	تھوک	مَبِيْعٌ بِالْجُمْلَةِ
Retail	پرچون	مَبِيْعٌ بِالْمُفَرَّقِ
Cash sale	نقد فروخت	اَلْبَيْعُ نَقْدًا
Sale on credit	ادھار فروخت	اَلْبَيْعُ دَيْنًا
Company	کمپنی	شَرِكَةٌ
Partner	شریک	شَرِيْكٌ
Share	حصہ	سَهْمٌ
Sharer	حصہ دار	مُسَاهِمٌ

دُفْعَةٌ	ادائیگی	Payment
دُفْعَةٌ أُوْلٰى	پہلی قسط	First installment
حِسَابٌ	اکاؤنٹ	Account
حِسَابُ جَارٍ	کرنٹ اکاؤنٹ	Current account
حِسَابُ تَوْفِيرٍ	سیونگ اکاؤنٹ	Saving account
رَهْنٌ	رہن	Mortgage
مَبْلَغٌ	رقم	Amount
اَلْمَجْمُوْعُ	میزان	Total
الثَّمَنُ، اَلْقِيمَةُ، السِّعْرُ	قیمت	Price
إِرْتِفَاعُ الْأَسْعَارِ	قیمتوں میں اضافہ	Rise of prices
إِنْخِفَاضُ الْأَسْعَارِ	قیمتوں میں کمی	Fall of prices
اَلرَّصِيْدُ	بیلنس (بچت)	Balance
اَلْمِيْزَانِيَّةُ	بجٹ	Budget
دَفْتَرُ الْيَوْمِيَّاتِ يَوْمِيَّةُ الشَّطْبِ	روزنامچہ/فالتو روزنامہ	Daybook
عَيِّنَةٌ	سیمپل۔نمونہ	Sample
نَمُوْذَجٌ	نمونہ	Model

قِسْطٌ	قسط	Installment
اَلْحُمُوْلَةُ، رُسُوْمُ الشَّحْنِ	کرایا	Freight charges
رُسُوْمٌ جُمْرُكِيَّةٌ	کسٹم ڈیوٹی	Custom duty
اَلدُّيُوْنُ	قرض	Credit
قَرْضٌ	قرض	Debts
تَأْمِيْنٌ	انشورنس	Insurance
عُمُوْلَةٌ، قَوْمِسْيُوْن	کمیشن	Commission
مَزَادٌ	نیلام	Auction
دَلَّالٌ	نیلامی والا	Auctioneer
طَلَبٌ	طلب	Demand
عَرْضٌ	پیش کش	Offer
طَلَبِيَّةٌ	آرڈر	Order
سِمْسَارٌ	دلال	Agent
ضَرِيْبَةٌ	ٹیکس	Tax
ضَرِيْبَةُ دَخْلٍ	انکم ٹیکس	Income Tax
اَلشَّحْنُ	کارگو	Cargo

مُحَادَثَةٌ عَنْ سَرِقَةِ الْبَنْكِ
A Discussion about Bank Robbery
بنک ڈکیتی کے بارے میں گفتگو

هَلْ سَمِعْتُمْ أَهَمَّ خَبَرٍ فِي الْجَرَائِدِ الْمَسَائِيَّةِ؟

Did you hear the most important news (appearing) in the evening newspapers?

کیا آپ نے شام کے اخبارات کی اہم ترین خبر سنی؟

هَلْ تَعْنِي سَرِقَةَ الْبَنْكِ؟

Do you mean the bank robbery?

کیا آپ کا مطلب ہے بنک ڈکیتی؟

نَعَمْ : إِنَّهَا وَاحِدَةٌ مِنْ أَكْبَرِ السَّرِقَاتِ الْمَعْرُوفَةِ.

Yes, It is one of the biggest known robberies.

جی ہاں: یہ اب تک کی بڑی ڈکیتیوں میں سے ایک ہے۔

هَرَبَ اللُّصُوصُ بِنِصْفِ مِلْيُونِ رُوبِيَّةٍ.

The thieves escaped with half a million rupees.

چور پانچ لاکھ روپیہ لے کر فرار ہو گئے۔

يَا إِلَهِي ! إِنَّهُ مَبْلَغٌ ضَخْمٌ

My God! It is a huge amount.

خدا کی پناہ! یہ تو بہت بڑی رقم ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَنَّ أَحَدًا لَمْ يُقْتَلْ.

Thank God! Nobody was killed.

خدا کا شکر ہے کہ کوئی مارا نہیں گیا۔

هَلْ أُصِيبَ أَحَدٌ؟

Was anybody injured?

کیا کوئی زخمی ہوا؟

أُصِيبَ ثَلاثَةٌ مِنْ رِجَالِ الشُّرْطَةِ أَثْنَاءَ مُطَارَدَتِهِم لِلُّصُوصِ.

Three policemen were injured while chasing the thieves.

چوروں کا پیچھا کرتے ہوئے تین پولیس والے زخمی ہو گئے۔

كَمَا أُصِيبَ شَخْصَانِ مِنْ زَبَائِنِ الْبَنْكِ.

Two clients of the bank were also injured.

بنک کے دو گاہک بھی زخمی ہوئے۔

اُنْظُرِ إِلىٰ هَذِهِ الصُّورَةِ الْمَنْشُورَةِ لِلْحَادِثِ.

Look at this picture of the incident

حادثے کی جو تصویر چھپی ہے اس کو دیکھو

لَقَدْ بَدَا الْمَكَانُ بَعْدَ الْحَادِثِ وَكَأَنَّهُ أَرْضُ مَعْرَكَةٍ.

The place of the crime looked like a battle field after the incident.

جائے واردات تو میدان کارزار معلوم ہو رہی ہے۔

دِمَاءٌ وَرَصَاصَاتٌ فَارِغَةٌ وَنوافِذُ زُجَاجِيَّةٌ مُكَسَّرَةٌ وَأَشْيَاءُ أُخْرَى مُتَاثِرَةٌ.

Blood, empty shells, windos with broken glasses and other scattered things.

خون، گولیوں کے خالی خول، ٹوٹی ہوئی شیشے کی کھڑکیاں اور ادھر ادھر بکھری ہوئی چیزیں۔

إِنَّ تَعْلِيقَ الصُّحُفِ يَعْكِسُ غَضَبَهَا.

The comment of the press reflects its anger.

اخبارات کا تبصرہ ان کے غصے کا مظہر ہے۔

هَذَا تَعْلِيقٌ يَقُولُ: إِلىَ مَتىَ سَتَظَلُّ بُنُوكُنَا عُرْضَةً لِلسَّلْبِ وَالنَّهْبِ؟

This is a comment which says:until when will our banks remain the target of robbery and plunder?

یہ ایک تبصرہ ہے جس میں کہا گیا ہے کہ کب تک ہمارے بنک لوٹ مار کا شکار ہوتے رہیں گے؟

وَإِلَى مَتَى سَتَظَلُّ أَرْوَاحُ النَّاسِ الأَبْرِيَاءِ مُهَدَّدَةً بِدُوْنِ أَيِّ ذَنْبٍ؟	And until when will innocent lives be targeted without any crime? اور کب تک بے گناہ لوگوں کی جانیں بلاوجہ خطرے میں پڑی رہیں گی؟
وَمَتَى يَسْتَطِيعُ الْمُجْتَمَعُ الْمُتَحَضِّرُ أَنْ يَقْضِيَ عَلَى هَذِهِ السَّرِقَاتِ إِلَى الْأَبَدِ؟	And when will the civilized society be able to end these robberies forever. اور کب مہذب معاشرہ ان ڈکیتیوں کا خاتمہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے کر پائے گا؟

فِي السُّوق بازار میں In the Market

اَلْمَخْبَزُ	بیکری	Bakery
اَلْبَنْكُ	بنک	Bank
اَلْمَكْتَبَةُ	کتب خانہ	Bookshop
صَالُوْنُ تَجْمِيْلٍ	بیوٹی پارلر	Beauty saloon
صَالُوْنُ الْحِلَاقَةِ	نائی کی دکان	Barber shop
اَلْمَلْحَمَةُ	قصائی کی دکان	Butchery
مَحَلُّ حَلْوَيَاتٍ	مٹھائی کی دکان	Sweetmeats shop.
الصَّيْدَلِيَّةُ	انگریزی دواؤں کی دکان	Chemist's shop, drugstore

مَحَلُ الأَقْمِشَةِ	کپڑوں کی دکان	Cloth store
اَلإِسْكَافُ	موچی	Cobbler
مَحَلُّ أَلْبَانٍ	ڈیری	Dairy
مَحَلٌّ كَبِيْرٌ	دیپارٹمنٹل اسٹور	Departmental store
مَحَلُّ خِيَاطَةٍ	درزی کی دکان	Tailoring shop
مَحَلُّ تَنْظِيْفِ مَلَابِسَ	ڈرائی کلینرز کی دکان	Dry cleaners
مَحَلُّ أَسْمَاكٍ	مچھلیوں کی دُکان	Fishmonger
مَحَلُّ زُهُوْرٍ	پھولوں کی دکان	Florist
خُضَرِيٌّ	سبزی فروش	Greengrocer
بَقَّالٌ	پنساری	Grocer
مَحَلُّ أَدَوَاتٍ مَنْزِلِيَّةٍ	گھریلو اشیاء کی دکان	Household items shop
اَلْجَوْهَرِيُّ	سنار	Jeweller
اَلْمَغْسَلَةُ	لانڈری	Laundry
مَحَلُّ مَصْنُوْعَاتٍ جِلْدِيَّةٍ	چمڑے کے سامان کی دکان	Leather-goods store

Newspaper vender	اخبار فروش	بائِعُ الصُّحُفِ
Optician	چشموں کی دکان	مَحَلُّ نَظَّارَاتٍ (عوينات)
Perfumery	عطر فروش کی دکان	محَلُّ عُطُوْرٍ
Photographer	فوٹوگرافر	مُصَوِّرٌ
Sporting goods shop	کھیلوں کے سامان کی دکان	مَحَلُّ أَدَوَاتٍ رِيَاضِيَّةٍ
Watchmaker's shop.	گھڑیوں کی دکان	مَحَلُّ سَاعَاتٍ

اَلتَّسَوُّق فِي الْمَكْتَبَة
Shopping at a Book Shop
کتابوں کی دکان پر خریداری

أُرِيْدُ أَنْ أَذْهَبَ اليَوْمَ إِلَى السُّوْقِ.

Today I want to go to the market.

میں آج بازار جانا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ أَنْ أَذْهَبَ إِلَى الْمَكْتَبَةِ.

I want to go to the book shop.

میں کتابوں کی دکان پر جانا چاہتا ہوں۔

أَيُّ كُتُبٍ تُوْجَدُ عِنْدَكُمْ؟

What kind of books do you have?

آپ کے پاس کون سی کتابیں ملتی ہیں؟

عِنْدَنَا نُخْبَةٌ طَيِّبَةٌ مِنَ الْكُتُبِ لِأَشْهَرِ الْمُصَنِّفِيْنَ

We have a good collection of the books of famous writers.

ہمارے پاس مشہور مصنفین کی کتابوں کا اچھا انتخاب ہے۔

هَلْ عِنْدَكُمْ قَائِمَةُ الْكُتُبِ؟

Do you have a catalogue of books?

کیا آپ کے پاس کتابوں کی فہرست ہے؟

هَا هِيَ قَائِمَةُ الْكُتُبِ يَا سَيِّدِيْ!

Here is the catalogue, Sir!

یہ رہی فہرست جناب!

تَجِدُ فِي هَذِهِ الْقَائِمَةِ كُتُباً مُخْتَلِفَةً.

In this catalogue you ' ll find different books.

اس فہرست میں آپ کو مختلف کتابیں ملیں گی

هَلْ تُرِيْنِي بَعْضَ الْقَوَامِيْسِ؟

Will you show me some dictionaries?

کیا آپ مجھے کچھ ڈکشنریاں دکھائیں گے؟

أَيَّ قَامُوْسٍ تُرِيْدُ يَاسَيِّدِيْ؟

Which dictionary do you want sir?

جناب! آپ کون سی ڈکشنری چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ قَامُوْساً مِنَ الْعَرَبِيَّةِ إِلَى الْأُرْدُوِيَّةِ.

I want a dictionary from Arabic to Urdu.

مجھے ایک عربی سے اردو ڈکشنری چاہیے۔

أُرِيْدُ قَامُوْسَ جَيْبٍ مِنَ الْأُرْدُوِيَّةِ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ.

I want a pocket dictionary from Urdu to Arabic.

مجھے اردو سے عربی جیبی ڈکشنری چاہیے۔

أُرِيْدُ نُسْخَةً مِنَ الْقُرآنِ الْكَرِيْمِ.

I want a copy of the Holy Quran.

مجھے قرآن کریم کا ایک نسخہ چاہیے۔

أَرِنِي مِنْ فَضْلِكَ أَحْدَثَ الْكُتُبِ بِاللُّغَةِ الْأُرْدُوِيَّةِ.

Please show me the latest books in Urdu.

براہ کرم مجھے اُردو زبان کی جدید ترین کتابیں دکھایئے

لَقَدْ وَصَلَتْنَا هَذِهِ الْكُتُبُ أَخِيراً

These books have reached us recently.

یہ کتابیں ہمارے پاس حال ہی میں آئی ہیں۔

أَرِنِي لَعَلَّنِي أُحِبُّهَا

Show me, perhaps I like them.

دکھایئے، شاید مجھے پسند آجائیں۔

أَرِنِي كُتُبًا دِيْنِيَّةً فَقَطْ.

Show me only the religious books.

مجھے صرف دینی کتابیں دکھایئے۔

فِي مَحَلِّ الْقِرْطَاسِيَّةِ
At the Stationary Shop
اسٹیشنری کی دکان پر خریداری

أَيْنَ مَحَلُّ الْقِرْطَاسِيَّةِ؟

Where is the stationary shop?

اسٹیشنری کی دکان کہاں ہے؟

مَاذَا تُرِيْدُ أَنْ تَشْتَرِيَ؟

What do you want to purchase?

آپ کیا خریدنا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ شِرَاءَ بَعْضِ أَدَوَاتِ الْكِتَابَةِ.

I want to purchase some stationary items

میں کچھ اسٹیشنری کا سامان خریدنا چاہتا ہوں۔

مَا هِيَ الْأَدَوَاتُ الَّتِي تُرِيْدُ أَنْ تَشْتَرِيَهَا؟

What items do you want to purchase?

آپ کیا سامان خریدنا چاہتے ہیں؟

هَلْ عِنْدَكُمْ خَرِيْطَةُ الْعَالَمِ؟

Do you have a world map?

کیا آپ کے یہاں دنیا کا نقشہ ہے؟

نَعَمْ: عِنْدَنَا خَرِيْطَةُ الْعَالَمِ وَخَرِيْطَةُ الْمَدِيْنَةِ.

Yes, we have the world map and the city map.

جی ہاں! ہمارے پاس دنیا کا نقشہ ہے اور شہر کا نقشہ ہے۔

هَلْ عِنْدَكُمْ أَوْرَاقٌ بَيْضَاءُ لِكِتَابَةِ الرَّسَائِلِ؟

Do you have white papers for writing letters?

کیا آپ کے پاس خطوط لکھنے کے لیے سفید کاغذ ہے؟

أَيَّ نَوْعٍ مِنَ الْوَرَقِ تُرِيْدُ؟

What type of paper do you want?

آپ کس قسم کا کاغذ چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ مِنْ نَوْعٍ جَيِّدٍ.

I want paper of a good quality.

میں عمدہ قسم کے کاغذ چاہتا ہوں؟

كَمْ وَرَقًا تُرِيْدُ؟

How many sheets do you want?

آپ کتنے کاغذ چاہتے ہیں؟

هَلْ تُرِيْدُهَا بِالدَّسْتَةِ أَمْ رِزْمَةً كَامِلَةً؟

Do you want by dozen or a whole packet?

کیا آپ دستے کے حساب سے چاہتے ہیں یا پورا پیکٹ؟

أُرِيْدُ رِزْمَةً كَامِلَةً.

I want the whole packet.

مجھے پورا ایک پیکٹ چاہیے۔

أُرِيدُ قَلَمَ حِبْرٍ سَائِلٍ وَقَلَمَ حِبْرٍ نَاشِفٍ.

I want a fountain pen and a ball point pen.

مجھے ایک فاؤنٹین پین اور ایک بال پین چاہیے۔

أُرِيدُ مَحَّايَةً وَبَرَّايَةً.

I want a rubber and a sharpener

مجھے ایک ربر اور ایک پنسل تراش چاہیے۔

أُرِيدُ صَحِيفَةً.

I want a newspaper

مجھے ایک اخبار چاہیے۔

أُرِيدُ مَجَلَّةً.

I want a magazine

مجھے ایک رسالہ چاہیے۔

أُرِيدُ رِوَايَةً

I want a novel

مجھے ایک ناول چاہیے۔

أُرِيدُ وَرَقَةَ كَرْبُوْن.

I want a carbon paper

مجھے کاربن پیپر چاہیے۔

هَلْ عِنْدَكُمْ مَجَلَّاتٌ عَرَبِيَّةٌ؟

Do you have Arabic magazines?

کیا آپ کے پاس عربی رسالے ہیں؟

لَا: لَا تُوْجَدُ عِنْدَنَا مَجَلَّاتٌ.

No, we don't have the magazines.

نہیں: ہمارے پاس رسالے نہیں ہیں۔

هَلْ عِنْدَكُمْ بِطَاقَاتُ بَرِيْدٍ؟

Do you have postcards?

کیا آپ کے پاس پوسٹ کارڈ ہیں؟

عَفْوًا يَاسَيِّدِي: لَيْسَتْ عِنْدَنَا.

Sorry Sir, we don't have.

معاف کیجیے جناب: ہمارے پاس نہیں ہیں۔

أُرِيدُ ظُرُوْفَ خِطَابَاتٍ

I want some envelopes.

مجھے کچھ لفافے چاہئیں۔

أُرِيْدُ كُرَّاسَةً وَ مِرْسَمًا وَحِبْرًا أَزْرَق.

I want a notebook, a pencil and blue ink.

مجھے ایک کاپی، ایک پنسل اور نیلی روشنائی چاہیے۔

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِیَ هٰذِهِ الْأَدَوَاتِ.

I want to purchase these things.

میں یہ چیزیں خریدنا چاہتا ہوں۔

عُلْبَةُ أَلْوَان

Colour box

رنگوں کا ڈبہ

وَرَقَةُ كَرْبُوْنٍ

Carbon paper

کاربن پیپر

وَرَقَةُ رَسْمٍ

Drawing paper

ڈرائنگ پیپر

ظُرُوْفٌ

Envelopes

لفافے

مِمْحَاةٌ

Rubber

ربڑ

دَلِيْلٌ سِيَاحِيٌّ

Tourist guide book

گائیڈ بک

حِبْرٌ أَسْوَدُ /أَحْمَرُ /أَزْرَقُ

Black / red/blue ink.

کالی/لال / نیلی روشنائی

خَرِيْطَةٌ

Map

نقشہ

خَرِيْطَةُ الطَّرِيْقِ

Road map

روڈ میپ

بَرَّايَةٌ

Pencil sharpener

پنسل تراش

وَرَقُ لَعِبٍ	Playing cards تاش
أُنْبُوبَةُ حِبْرٍ جَافٍّ	Refill of ball pen بال پین کا ریفل
شَرِيطُ الآلَةِ الْكَاتِبَةِ	Ribbon of typewriter ٹائپ رائٹر کا ربن
شَرِيطٌ لَا صِقٌ	Adhesive tape (پٹی) چپکانے والا ٹیپ
دَبَابِيسُ	Staples پن
قَلَمُ حِبْرٍ سَائِلٍ	Fountain pen فاؤنٹین پین
صَمْغٌ	Gum, glue گوند
كَمْ قِيمَةُ هَذِهِ الأَشْيَاءِ؟	How much is the price of these things? ان سب چیزوں کی کیا قیمت ہے؟
قِيمَةُ هَذِهِ الْأَشْيَاءِ خَمْسُونَ رُوبِيَّةً فَقَطْ.	The price of these things is fifty rupees only ان سب چیزوں کی قیمت صرف پچاس روپے ہے۔
هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُعْطِيَنِي الفَاتُورَةَ؟	Can you give me the bill ? کیا آپ مجھے بل دے سکتے ہیں۔
هَاهِيَ الْفَاتُورَةُ.	Here is the bill. یہ لیجیے بل

شِرَاءُ الْقُمَاشِ
Purchasing of Cloth / Material
کپڑے کی خریداری

I want to purchase some cloth/ material. میں کپڑے خریدنا چاہتا ہوں۔	أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِیَ بَعْضَ الْأَقْمِشَةِ.
What type of cloth do you want? آپ کس قسم کا کپڑا چاہتے ہیں؟	أَیَّ نَوْعٍ مِنَ الْأَقْمِشَةِ تُرِيْدُ؟
Do you have cloth with green stripes? کیا آپ کے پاس ہری دھاری والا کپڑا ہے؟	هَلْ عِنْدَكَ قُمَاشٌ مُخَطَّطٌ أَخْضَرُ؟
For whom do you want this cloth? یہ کپڑا آپ کس کے لیے چاہتے ہیں؟	لِمَنْ تُرِيْدُ هٰذَا الْقُمَاشَ؟
I want to buy this cloth for my children میں یہ کپڑا اپنے بچوں کے لیے خریدنا چاہتا ہوں۔	أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِیَ هٰذِهِ الْأَقْمِشَةَ لِأَطْفَالِي.
What is the price of this cloth per meter? یہ کپڑا کیا میٹر ہے؟	بِكَمِ الْمِتْرُ مِنْ هٰذَا الْقُمَاشِ.
Forty rupees per meter. چالیس روپے میٹر ہے۔	مِتْرٌ: أَرْبَعِيْنَ رُوْبِيَّةً.

Show me some other cloth.
مجھے کوئی دوسرا کپڑا دکھائیے

أَرِنِي قُمَاشًا آخَرَ.

I want a darker colour than this.
میں اس سے گہرا رنگ چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ لَوْنًا أَعْمَقَ مِنْ هَذَا.

I want a brighter colour than this.
میں اس سے کھلا ہوا رنگ چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ لَوْنًا أَفْتَحَ مِنْ هَذَا.

I want something similar to this cloth.
میں اس کپڑے کے میل کی کوئی چیز چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ شَيْئًا يُنَاسِبُ هَذَا الْقُمَاشَ.

I do not like this colour.
مجھے یہ رنگ پسند نہیں آیا

لَا يُعْجِبُنِي هَذَا اللَّوْنُ.

I want cloth for two suits.
میں دوسوٹ کا کپڑا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ قُمَاشًا لِبَدْلَتَيْنِ.

Do you want cotton cloth or woolen?
آپ سوتی کپڑا چاہتے ہیں یا اونی؟

هَلْ تُرِيْدُ الْقُمَاشَ الْقُطْنِي أَوِ الصُّوفِيَّ؟

Show me some woolen and silken cloth..
کچھ اونی اور ریشمی کپڑوں کی قسمیں دکھائیے۔

أَرِنِي بَعْضَ أَنْوَاهِ الْأَقْمِشَةِ الصُّوفِيَّةِ وَالْحَرِيرِيَّةِ.

I did not like this cloth.
یہ کپڑا مجھے پسند نہیں آیا۔

لَمْ يُعْجِبُنِي هَذَا الْقُمَاشُ.

Do you have a quality better than this?
کیا آپ کے پاس اس سے بہتر کوالٹی ہے؟

هَلْ عِنْدَكَ نَوْعٌ أَفْضَلُ مِنْ هَذَا.

لَا يَاسَيِّدِي: هَذَا قُمَاشٌ نَاعِمٌ وَجَيِّدٌ جِدًّا.

No Sir, this cloth is soft and of a very good quality.

نہیں جناب! یہ نرم اور بہت عمدہ کپڑا ہے۔

لَا يُمْكِنُ أَنْ تَجِدَ الْقَمَاشَ مِنْ هَذَا النَّوْعِ فِي السُّوقِ كُلِّهَا.

You will not find the cloth of this quality in the whole market.

اس طرح کا کپڑا آپ کو پورے بازار میں نہیں ملے گا۔

هَلْ عِنْدَكَ قُمَاشٌ مَشْغُولٌ بِالْيَدِ؟

Do you have hand woven cloth?

کیا آپ کے پاس ہاتھ کا بنا ہوا کپڑا ہے؟

عِنْدَنَا قُمَاشٌ مِنْ هَذِهِ الْأَنْوَاعِ

We have the cloth of these types.

ہمارے پاس ان اقسام کا کپڑا ہے۔

طَيِّبٌ: اِقْطَعْ لِي عَشَرَةَ أَمْتَارٍ مِنْ هَذَا.

O.K., give me ten meters of this cloth.

ٹھیک ہے: اس میں سے مجھے دس میٹر دے دیجیے۔

فَانِلَةٌ

Flannel

فلالین

بُوبَلِين

Poplin

پاپلین

حَرِيرٌ

Silk

ریشم

صُوفٌ

Wool

اون

قُطْنٌ

Cotton

کاٹن۔ سوت

English	Urdu	Arabic
Gabardine	گبرڈین (ایک قسم کا باریک کپڑا)	جَبَرْدِيْنٌ
Artificial silk	مصنوعی ریشم	حَرِيْرٌ صِنَاعِيٌّ
Velvet	مخمل	مَخْمَلٌ

اَلْمَلَابِسُ الرِّجَالِيَّةُ وَالنِّسَائِيَّةُ
Clothes for Men and Women
مردانہ اور زنانہ ملبوسات

English	Urdu	Arabic
Shirt	قمیض، کرتہ	قَمِيْصٌ
Undershirt	بنیان	قَمِيْصٌ دَاخِلِيٌّ (فَانِيْلَا)
T-shirt	ٹی شرٹ	قَمِيْصٌ بِدُوْنِ أَكْمَامٍ
Night gown	نائٹ گاؤن	قَمِيْصُ النَّوْمِ
Suit	سوٹ	بَدْلَةٌ
Trousers, pants	پتلون	بَنْطَلُوْنٌ
Veil	برقع	بُرْقُعٌ
Pyjamas	پاجامہ	بِيْجَامَةٌ

بَنْطَلُوْنٌ مِنْ قُمَاشِ الْجِيْنِ	جین کی پتلون	Jeans
بَنْطَلُوْنٌ قَصِيْرٌ	نیکر	Shorts
بِلُوْزَةٌ	بلاوز	Blouse
رُوْبٌ	چوغہ	Dressing gown
سِرْوَالٌ	پاجامہ	Trousers
سُتْرَةٌ	کوٹ	Coat
سُتْرَةٌ مِنَ الصُّوْفِ	اونی صدری	Cardigan
سِرْوَالٌ ضَيِّقٌ	چست پاجامہ	Tights
بِزَّةٌ	یونیفارم، وردی	Uniform
تَنُّوْرَةٌ	اسکرٹ	Skirt
ذُوْكُمَّيْنِ	آستین کا	With sleeves
بِلاَكُمَّيْنِ	بغیر آستین کا	Without sleeves
كُمٌّ (أَكْمَامٌ)	آستین	Sleeves
فُسْتَانٌ	میکسی	Lady's gown
فَانِيْلَةٌ	بنیان	Undershirt

كَنْزَةٌ	جرسی، ڈھیلی صدری	Jumper
عَبَاءَةٌ	چوغہ	Gown
صَدْرِيَّةٌ	واسکٹ	Waist Coat
ثَوبٌ دَاخِلِيٌّ	انڈرویر، جانگھیہ	Underwear
مِعْطَفٌ	اوورکوٹ	Overcoat
مِعْطَفٌ وَاقٍ مِنَ الْمَطَرِ	برساتی	Raincoat
ثَوْبٌ	بیرونی لباس	Robe
قُفَّازٌ	دستانہ	Glove
قُبَّعَةٌ	ہیٹ	Hat
قَلَنْسُوَةٌ	ٹوپی	Cap
شَالٌ	شال	Shawl
مُضَرَّبَةٌ	رضائی	Quilt
لِحَافٌ	لحاف	Quilt
حَشِيَّةٌ	گدا	Mattress
مُلَاءَةُ السَّرِيْرِ	چادر	Bad sheet

Printed cotton cloth	چھینٹ	قُمَاشٌ قُطْنِیٌّ مُطَبَّعٌ
Cloth, material	کپڑا	قُمَاشٌ (أَقْمِشَةٌ)
Embroidered material	کامدانی	قُمَاشٌ مُطَرَّزٌ
Collar	کالر	قُبَّةٌ
Hat	ہیٹ	بَرْنِيطَةٌ
Slipper	سلیپر	بَابُوجٌ
Necktie	نکٹائی	رَبْطَةُ عُنُقٍ
Shoelace	جوتے کا فیتہ	رِبَاطُ حِذَاءٍ
Blanket	کمبل	بَطَّانِيَّةٌ
Cotton	روئی	قُطْنٌ
Lining	استر	بِطَانَةُ الثَّوْبِ
Flax, linen	ململ	كَتَّانٌ
Buttons	بٹن	أَزْرَارٌ
Buttonhole	کاج	عُرْوَةٌ
Wool	اون	صُوفٌ
Pocket	جیب	جَيْبٌ

Socks	موزہ	جَوْرَبٌ
Belt, waistband	کمربند	زُنَّارٌ
Turn-up	پتلون کا پائنچہ	ثِنْيَةُ الْبَنْطَلُوْنِ
Ribbon	ربن	شَرِيْطٌ
Collar	کالر	يَاقَةٌ
Cuff	کف	اُسْوِرَةُ كُمِّ الْقَمِيْصِ
Scarf	گلوبند	وِشَاحٌ
Long scarf for women	دوپٹہ	لِفَاعٌ
Thread	دھاگہ	خَيْطٌ (خُيُوطٌ)
Silk	ریشم	حَرِيْرٌ
Spun thread	سوت	غَزْلٌ

اَلْحِلَى وَالْمَجُوهَرَاتُ
Ornaments and Jewellery
زیورات اور گہنے

Ring	انگوٹھی	خَاتَمٌ
Earring	بندا، جھمکا	قُرْطٌ

عِقْدٌ	ہار، مالا	Necklace
قِلَادَةٌ	چمپاکلی	Bracelet
سِوَارٌ (أَسْوِرَةٌ)	چوڑیاں	Bangles
حَلْقَةُ الْأَنْفِ	نتھ	Nose ring
إِكْلِيلُ زُهُورٍ	پھول مالا	Corona
سَوَارُ الْأَعْلَى الذِّرَعِ	بازوبند	Armlet
سَوَارُ الْمِعْصَمِ	پہنچی/ کنگن	Bangle
سِوَارُ الرِّجْلِ/ خَلْخَالٌ لِلْقَدَمِ	پازیب	Anklet
مُدَلَّاةُ الرَّأْسِ	ٹیکہ	Head-locket
حَلَقٌ	بندا	Earring
سِلْسِلَةٌ ذَهَبِيَّةٌ	سونے کی چین	Gold chain
عِصَابَةٌ لِرَأْسِ الْمَرْأَةِ مُرَصَّعَةٌ بِالْجَوَاهِرِ	تاج۔مکٹ	Tiara
ذَهَبٌ	سونا	Gold
فِضَّةٌ	چاندی	Silver
يَاقُوتٌ	لال پتھر	Ruby

Pearl	موتی	لُؤْلُؤَةٌ
Coral	مونگا	اَلْمَرْجَانُ
Mother of pearl	موتی کی سیپ	أُمُّ الّآلِی
Diamond	ہیرا	اَلْمَاسُ
Quartz	بلور	اَلْمَرْوُ
Emerald	پنا	زُمُرُّدٌ
Zircon	زرکن	اَلزَّرْكُونُ
Hair- pin	بالوں کی پن	دَبُّوسُ شَعْرٍ
Brooch	جگنی	دَبُّوسٌ زِيْنِيٌّ
Compact	سنگھاردان/میک اپ باکس	عُلْبَةُ تَجْمِيلٍ
Mascara	کاجل	مُسْتَحْضَرٌ لِتَجْمِيلِ اَلرَّمُوْشِ
Nail - polish	نیل پالش	طِلاءُ أَظَافِرَ
Scent, perfume	خوشبو	رَائِحَةٌ عِطْرِيَّةٌ
Face cream	چہرے کی کریم	كِرِيْمٌ لِلْوَجْهِ
Lipstick	لپ اسٹک	أَحْمَرُ الشِّفَاهِ

أَشْيَاءُ يَسْتَعْمِلُهَا الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ
Accessories Used by Men and Women
عورتوں اور مردوں کے استعمال کی اشیاء

Handkerchief	رومال	مِنْدِيلٌ
Towel	تولیہ	مِنْشَفَةٌ
Socks	جرابیں	جَوَارِبُ
Silk stockings	ریشمی جرابیں	جَوَارِبُ حَرِيرٍ
Cotton Stockings	سوتی جرابیں	جَوَارِبُ قُطْنٍ
Shoes	جوتے	أَحْذِيَةٌ
Gloves	دستانے	كُفُوفٌ
Purse/bag	پرس۔ بٹوا	مِحْفَظَةٌ
Bag, sack	تھیلا۔ بیگ	كِيسٌ
Umbrella	چھتری	شَمْسِيَّةٌ
Glasses, spectacles	عینک	نَظَّارَاتٌ
Watch	گھڑی	سَاعَةٌ
Chain	زنجیر۔ چین	سِلْسِلَةٌ

Key	کنجی/چابی	مِفْتَاحٌ
Toothpaste	ٹوتھ پیسٹ	مَعْجُونُ أَسْنَانٍ
Toothbrush	ٹوتھ برش	فُرْشَاةُ أَسْنَانٍ
Soap	صابن	صَابُونٌ
Brush	برش	فُرْشَاةٌ
Comb	کنگھی	مُشْطٌ
Nail Brush	نیل برش	فُرْشَاةُ أَظَافِرَ
Needle	سوئی	إِبْرَةٌ
Hair oil	ہیر آئل	زَيْتُ شَعْرٍ
Hair tonic	ہیر ٹانک	دِهَانٌ لِلشَّعْرِ
Nail cutter	ناخن تراش	مِبْرَدُ أَظَافِرَ
Wrist watch	گھڑی	سَاعَةُ يَدٍ
Strap (of a wristwatch)	گھڑی کا تسمہ/پٹہ	حِزَامُ السَّاعَةِ

فِي مَحَلِّ الْخَيَّاطِ
At the Tailor Shop
درزی کی دکان پر

I want you to stitch two suits for me. میں آپ سے دوسوٹ سلوانا چاہتا ہوں	أُرِيْدُ أَنْ تَخِيْطَ لِيْ بَدْلَتَيْنِ.
How many meters of cloth will be enough for one suit? ایک سوٹ میں کتنے میٹر کپڑا لگے گا؟	كَمْ مِتْرًا يَكْفِيْ لِبَدْلَةٍ؟
Five meters پانچ میٹر	خَمْسَةُ أَمْتَارٍ
Can you take my measurement? کیا میرا ناپ لے سکتے ہیں؟	هَلْ يُمْكِنُ أَنْ تَقِيْسَ لِيْ؟
Do you know my measurement? کیا آپ کو میرا ناپ معلوم ہے؟	هَلْ تَعْرِفُ مَقَاسِيْ؟
I don't know your measurement. مجھے آپ کا ناپ معلوم نہیں۔	لَاأَعْرِفُ مَقَاسَكَ
Take my measurement now. اب آپ میرا ناپ لے لیجیے۔	عَلَيْكَ أَنْ تَقِيْسَ لِيْ اَلآنَ.
When will this suit be ready? یہ سوٹ کب تیار ہو جائے گا؟	مَتَى سَتَكُوْنُ هَذِهِ الْبَدْلَةُ جَاهِزَةً؟

سَــأُحَــاوِلُ أَنْ أُجَهِّـزَهَــا خِلَالَ أُسْبُوْعٍ.

I will try to make it ready within a week.

میں اس کو ایک ہفتہ میں تیار کرنے کی کوشش کروں گا۔

هَلْ تُوْجَدُ عِنْدَكَ مِرْآةٌ؟

Do you have a mirror?

کیا آپ کے پاس شیشہ ہے؟

إِنَّهُ مَضْبُوْطٌ جِدًّا.

It fits very well.

یہ بالکل فٹ ہے۔

إِنَّهُ قَصِيْرٌ جِدًّا.

It's too short

یہ بہت چھوٹا ہے۔

إِنَّهُ طَوِيْلٌ جِدًّا.

It's too long

یہ بہت لمبا ہے۔

إِنَّهُ ضَيِّقٌ جِدًّا.

It's too tight

یہ بہت تنگ ہے۔

إِنَّهُ وَاسِعٌ جِدًّا.

It's too loose.

یہ بہت چوڑا (کشادہ) ہے۔

هَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تُصْلِحَ هٰذَا؟

Can you alter it?

کیا آپ اس کو ٹھیک کر سکتے ہیں؟

مَتَى يَنْتَهِي هٰذَا التَّصْلِيْحُ؟

How long will it take to alter?

ٹھیک کرنے میں کتنا وقت لگے گا؟

هَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَخِيْطَ لِي قَمِيْصًا وَسِرْوَالًا؟

Can you stitch a shirt and a trouser for me?

کیا آپ میرے لیے ایک کرتا اور پاجامہ سی سکتے ہیں؟

Sewing سلائی اَلْخِيَاطَةُ

Sewing machine	سلائی مشین	مَاكِينَةُ خِيَاطَةٍ
Tape	فیتہ	شَرِيطٌ
Stitch,seam	سیون	لَفْقَةٌ
Hem, border	کپڑے کا کنارہ، جھالر	حَاشِيَةُ الثَّوْبِ
Thimble	انگشتانہ	كُشْتُبَانٌ
Needle	سوئی	إِبْرَةٌ
Elastic	الاسٹک	مَطَّاطٌ
Reel of cotton	دھاگے کی ریل	بَكَرَةُ خَيْطٍ
Lace	بیل، گوٹا کناری	شَرِيطٌ لِلزِّينَةِ
Safety- pin	سیفٹی پن	دَبُّوسُ أَمَانٍ
Pin	پن	دَبُّوسٌ
pleat	چنٹ	طَيَّةٌ
Button	بٹن	زِرٌّ
Button-hole	کاج	عُرْوَةٌ
Stitch	ٹانکا	غُرْزَةٌ
Stitching	ٹانکا، سلائی	قُطْبَةٌ
Knitting -needle	سلائی کی سوئی	إِبْرَةُ حِيَاكَةٍ

Arabic	Urdu	English
نَمُوْذَجٌ لِلتَّفْصِيْلِ	کٹائی کا نمونہ	Pattern
شُغْلُ الإِبْرَةِ	بنائی	Knitting
مِحْبَسٌ مُنْزَلِقٌ	زپ	Zip,zipper,fastener
شَرِيْطُ الْقِيَاسِ	پیمائشی فیتہ	Measuring tape
مِقَصٌّ	قینچی	Scissors

فِيْ صَالُوْنِ الْحِلاَقَةِ
At the Barber's Shop
نائی کی دُکان پر

أَيْنَ صَالُوْنُ الْحِلاَقَةِ؟
Where is the barber ' s shop?
نائی کی دکان کہاں ہے؟

صَالُوْنُ الْحِلاَقَةِ فِي السُّوقِ.
The barber' s shop is in the market.
نائی کی دکان بازار میں ہے۔

تَفَضَّلْ يَاسَيِّدِي.
Come in, sir
تشریف لایئے جناب!

أَيُّ خِدْمَةٍ لِي؟
What can I do for you ?
میرے لائق کوئی خدمت؟

هَـلْ تُرِيْدُ أَنْ أَقُصَّ الشَّعْرَأَوْ أَحْلِقَ الذَّقَنَ؟
Do you want hair cutting or shaving?
آپ بال کٹوانا چاہتے ہیں یا شیو بنوانا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ قَصَّ الشَّعْرِ

I want a haircut.

میں بال کٹوانا چاہتا ہوں۔

لَا تَقُصَّهُ قَصِيْراً جِدًّا.

Don't cut it too short.

زیادہ چھوٹے مت کیجیے۔

اِسْتَعْمِلِ الْمِقَصَّ فَقَطْ.

Use only scissors.

صرف قینچی استعمال کیجیے۔

لَا تَسْتَعْمِلِ الْمَاكِيْنَةَ.

Don't use the machine.

مشین استعمال مت کیجیے۔

هَلْ أُمْشُطُ الشَّعْرَ أَمْ لَا؟

Should I comb the hair or not?

بالوں میں کنگھا کروں یا نہیں؟

نَعَمْ اُمْشُطْهُ إِلَى فَوْقَ.

Yes, comb it upwards.

ہاں اوپر کی جانب سے کنگھا کیجیے۔

قَصِّرُ الشَّعْرَ مِنَ الْجَانِبَيْنِ.

Shorten the hair from both sides

بالوں کو دونوں جانب سے چھوٹا کیجیے۔

لَا تَقُصَّ مِنْ أَعْلىٰ.

Don't cut it from above.

اوپر سے نہ کاٹیے۔

أُرِيْدُ أَنْ تَصْبَغَ شَعْرِىْ.

I want you to dye my hairs.

میں بالوں کو رنگوانا (ڈائی کرانا) چاہتا ہوں۔

هَلْ أَنْتَ عَادَةً تَحْلِقُ بِنَفْسِكَ أَمْ تَذْهَبُ دَائِماً إِلَى الْحَلَّاقِ.

Do you usually shave yourself or always go to the barber?

کیا آپ عام طور پر خود سے شیو بناتے ہیں یا ہمیشہ نائی کے پاس جاتے ہیں؟

عَادَةً أَحْلِقُ بِنَفْسِي.

Usually I shave myself.

میں عام طور سے خود شیو بناتا ہوں۔

وَفِي بَعْضِ الْأَحْيَانِ أَذْهَبُ إِلَى الْحَلَاقِ.

And some times I go to the the barber

اور بعض اوقات نائی کے پاس جاتا ہوں۔

مَاذَا تَسْتَعْمِلُ عِنْدَمَا تَحْلِقُ بِنَفْسِكَ؟

What do you use when you shave yourself?

آپ جب خود شیو بناتے ہیں تو کیا استعمال کرتے ہیں؟

أَسْتَعْمِلُ الشَّفْرَةَ، وَالْفُرْشَةَ وَالْكِرِيْمَ.

I use the blade, brush and cream

میں بلیڈ، برش اور کریم استعمال کرتا ہوں۔

أَيَّ زَيْتٍ تَسْتَعْمِلُ؟

Which oil do you use?

آپ کون سا تیل استعمال کرتے ہیں؟

أَسْتَعْمِلُ زَيْتَ الشَّعْرِ.

I use hair oil

میں ہیر آئل استعمال کرتا ہوں۔

فِي الْمَلْحَمَةِ
At the Meat Shop
گوشت کی دکان پر

أَيْنَ الْمَلْحَمَةُ فِي هَذَا الْحَيِّ؟

Where is the meat shop in this locality?

اس محلہ میں گوشت کی دکان کہاں ہے؟

لَاتُوجَدُ الْمَلْحَمَةُ فِي هَذَا الْحَيِّ.

There is no meat shop in this locality.

اس محلہ میں گوشت کی دکان نہیں ہے۔

إذَنْ مِنْ أَيْنَ أَشْتَرِىَ اللَّحْمَ؟

Then where should I buy the meat from?

پھر میں گوشت کہاں سے خریدوں؟

اَلْمَلْحَمَةُ بِالْقُرْبِ مِنَ الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ.

The meat shop is near the Jama Masjid.

گوشت کی دکان جامع مسجد کے قریب ہے۔

هَلِ الْمَلْحَمحةُ مَعْرُوْفَةٌ؟

Is the meat shop well known?

کیا گوشت کی دکان مشہور ہے؟

هَلْ يُوْجَدُ عِنْدَكُمْ لَحْمٌ جَيِّدٌ؟

Do you have good meat?

کیا تمہارے پاس عمدہ گوشت ملتا ہے؟

نَعَمْ يَا سَيِّدِىْ : هُنَا لَحْمٌ جيِّدٌ لِلْخَرُوْفِ.

Yes sir, we have very good mutton. (Lamb meat).

جی ہاں! جناب ہمارے پاس عمدہ بکرے کا گوشت ملتا ہے۔

هَاتِ كِيْلُو مِنْ لَحمِ الْخَرُوْفِ.

Give me a kilo of lamb meat (mutton)

مجھے ایک کلو بکرے کا گوشت دو۔

ضَعِ اللَّحْمَ فِى الْكِيْسِ وَهَاتِ كِيْلو مِنَ اللَّحمِ المَفْرُوْمِ

Put the mutton in the bag and give a kilo of kima (minced mutton)

گوشت کو تھیلی میں رکھ دو اور ایک کلو قیمہ دے دو۔

كَمْ ثَمناً أَدْفَعُ لَكَ؟

How much should I pay you?

کتنی قیمت ادا کروں۔

مِائَتَىْ رُوْبِيَّةٌ.

Two hundred rupees.

دوسو روپے

فِي مَحَلِّ الْأَحْذِيَةِ
At the Shoe Shop
جوتوں کی دکان پر

I want to purchase shoes. میں جوتے خریدنا چاہتا ہوں۔	أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ الْأَحْذِيَةَ.
Which type of shoes do you want to purchase? آپ کون سے جوتے خریدنا چاہتے ہیں؟	أَىَّ نَوْعٍ مِنَ الْأَحْذِيَةِ تُرِيْدُ أَنْ تَشْتَرِىَ؟
I want to purchase boots. میں بوٹ خریدنا چاہتا ہوں۔	أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِىَ حِذَاءً عَالِيَ السَّاقِ.
This shoe is very tight یہ جوتا بہت تنگ ہے۔	هٰذَا الْحِذَاءُ ضَيِّقٌ جِدًّا.
Do you have a size bigger than this? کیا آپ کے پاس اس سے بڑا سائز ہے؟	هَلْ عِنْدَكَ مَقَاسٌ أَكْبَرُ مِنْ هٰذَا؟
This is large. یہ بڑا ہے۔	هٰذَا كَبِيْرٌ.
I want a size smaller than this. میں اس سے چھوٹا سائز چاہتا ہوں۔	أُرِيْدُ مَقَاسًا أَصْغَرَ مِنْهُ.
Do you have a shoe of black colour / white colour. کیا آپ کے پاس کالے رنگ کا جوتا ہے / سفید رنگ کا جوتا ہے؟	هَلْ عِنْدَكَ حِذَاءٌ مِنْ لَوْنٍ أَسْوَدَ/أَبْيَضَ؟

هَــلْ يُــمْــكِــنُكَ إِصْلَاحُ هَــذَا الْحِذَاءِ؟

Can you repair this shoe?

کیا آپ اس جوتے کی مرمت کر سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تَخِيطَ لِي هَذَا؟

Can you sew this for me?

کیا آپ اس کو سی سکتے ہیں؟

أُرِيدُ نَعْلاً وَ كَعْبًا جَدِيْدَيْنِ.

I want new sole and heel?

میں نیا سول اور نئی ایڑی چاہتا ہوں۔

مَتَى سَيَكُوْنُ جَاهِزًا؟

When will it be ready?

یہ کب تیار ہوگا؟

يُــمْــكِــنُ لَكَ أَنْ تَــأْخُذَ هَذَا فِي الْمَسَاءِ.

You can take it in the evening.

آپ اس کو شام کو لے سکتے ہیں۔

فِي الْمَغْسَلَةِ
At the Laundry
لانڈری میں

أَيْنَ أَقْرَبُ مَغْسَلَةٍ؟

Where is the nearest laundry?

قریب ترین لانڈری کہاں ہے؟

أَيْنَ مَحَلُّ تَنْظِيفٍ بِالنَّاشِفِ؟

Where is the dry cleaner's shop?

ڈرائی کلینر کی دکان کہاں ہے؟

لِــمَــاذَا تُــرِيْدُ أَنْ تَذْهَبَ إِلىٰ مَحَلِّ تَنْظِيفٍ؟

Why do you want to go to the dry cleaner' s shop?

ڈرائی کلینر کی دکان پر کیوں جانا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ تَنْظِيْفَ هَذِهِ الْمَلَابِسِ.

I want to have these clothes dry cleaned.

میں یہ کپڑے ڈرائی کلین کرانا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ غَسِيْلَ هَذِهِ الْمَلَابِسِ

I want to have these clothes washed.

میں یہ کپڑے دھلوانا چاہتا ہوں

أُرِيْدُ كَيَّ هَذِهِ الْمَلَابِسِ

I want to have these clothes pressed.

میں ان کپڑوں کو پریس کرانا چاہتا ہوں۔

مَتـى سَتَـكُـوْنُ هَـذِهِ الْمَلَابِـسُ جَاهِزَةً؟

When will these clothes be ready?

یہ کپڑے کب تیار ہو جائیں گے؟

مَتَى تُرِيْدُهَا؟

When do you want them?

آپ کب چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُهَا الْيَوْمَ.

I want them today.

میں آج چاہتا ہوں۔

لَا تَـكُـوْنُ هَـذِهِ الْمَلَا بِسُ جَاهِزَةً قَبْلَ يَوْمِ الْخَمِيْسِ.

These clothes will not be ready before Thursday.

یہ کپڑے جمعرات سے پہلے تیار نہیں ہوں گے۔

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تَرْفُوَ هَذَا الْقَمِيْصَ؟

Can you mend this shirt?

کیا آپ اس قمیص کو رفو لگا سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ تَرْقِيْعُ هَذَا؟

Can you patch this?

کیا آپ اس میں پیوند لگا سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تَخِيْطَ هَذَا الزِّرَّ؟

Can you sew this button?

کیا آپ یہ بٹن لگا سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُزِيلَ هَذِهِ الْبُقْعَةَ؟

Can you remove this stain?
کیا آپ اس دھبہ کو دور کر سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تَرْفُوَ دُوْنَ أَنْ يَظْهَرَ؟

Can you mend it in such a way that it can not be seen?
کیا آپ اس طرح رفو کر سکتے ہیں کہ نظر نہ آئے؟

هَذَا لَيْسَ مِلْكِي؟

This is not mine.
یہ میرا نہیں ہے۔

تَنْقُصُ قِطْعَةٌ

One piece is missing.
ایک پیس کم ہے۔

يُوْجَدُ ثُقْبٌ فِي هَذَا.

There is a hole in it.
اس میں ایک سوراخ ہے۔

هَلْ غَسِيْلِي جَاهِزٌ؟

Are my washed clothes ready?
کیا میرے دھلے ہوئے کپڑے تیار ہیں؟

كَمْ أَدْفَعُ لَكَ؟

How much should I pay?
کیا ادا کروں؟

عِشْرِيْنَ رُوْبِيَّةً

Twenty rupees.
بیس روپے

❁❁❁❁

فِي مَحَلِّ السَّاعَاتِ

At the Watchmaker's Shop

گھڑیوں کی دکان پر

Where is the watchmaker's shop? گھڑیوں کی دکان کہاں ہے؟	أَيْنَ مَحَلُّ السَّاعَاتِ؟
Why do you want to go to the watchmaker's shop آپ گھڑیوں کی دکان پر کیوں جانا چاہتے ہیں؟	لِمَاذَا تُرِيْدُو أَنْ تَذْهَبَ إِلَى مَحَلِّ السَّاعَاتِ؟
I want this watch to be repaired. میں یہ گھڑی ٹھیک کرانا چاہتا ہوں؟	أُرِيْدُ تَصْلِيْحَ هٰذِهِ السَّاعَةِ.
Can you repair this watch? کیا آپ یہ گھڑی ٹھیک کر سکتے ہیں؟	هَلْ يُمْكِنُكَ تَصْلِيْحُ هٰذِهِ السَّاعَةِ؟
The glass is broken. شیشہ ٹوٹا ہوا ہے۔	الزُّجَاجُ مَكْسُوْرٌ.
The spring is broken. اسپرنگ ٹوٹ گیا۔	اِنْكَسَرَ الزُّنْبُرُكُ.
The key is broken. چابی ٹوٹی ہوئی ہے۔	اَلْمِسْمَارُ مَكْسُوْرٌ.
I want to get this watch cleaned. میں اس گھڑی کی صفائی کرانا چاہتا ہوں۔	أُرِيْدُ تَنْظِيْفَ هٰذِهِ السَّاعَةِ؟

أُرِيْدُ هَدِيَّةً صَغِيْرَةً لِصَدِيْقِي.

I want a small gift for my friend.

میں اپنے دوست کیلئے ایک چھوٹا سا تحفہ چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ شِرَاءَ سَاعَةٍ جَيِّدَةٍ بِسِعْرٍ مُعْتَدِلٍ.

I want to purchase a good watch of a reasonable price.

میں مناسب قیمت کی ایک اچھی سی گھڑی خریدنا چاہتا ہوں

بِكُلِّ سُرُوْرٍ، هَلْ رَأَيْتَ التَّشْكِيْلَةَ فِي وَاجِهَةِ الْعَرْضِ.

With pleasure, did you have a look at the designs in the showcase?

بڑی خوشی سے، کیا آپ نے شوکیس میں ڈیزائن دیکھ لیے؟

هَلْ أَسْتَطِيْعُ رُؤْيَةَ تِلْكَ السَّاعَةِ؟

Can I see that watch?

کیا میں وہ گھڑی دیکھ سکتا ہوں؟

هَلْ هِيَ مَكْفُولَةٌ؟

Is it guaranteed?

کیا اس کی گارنٹی ہے؟

نَعَمْ : أَكْفُلُهَا لِمُدَّةِ سَنَتَيْنِ.

Yes, I will give the guarantee for two years.

جی ہاں: میں اس کی دو سال کی گارنٹی دیتا ہوں۔

كَمْ ثَمَنُهَا؟

What is it's price?

اس کی کیا قیمت ہے؟

مَا أَغْلَاهَا! أَلَيْسَتْ بَاهِظَةَ الثَّمَنِ؟

How costly it is!Isn't it over priced?

اتنی مہنگی! کیا قیمت زیادہ نہیں ہے؟

لَا أُرِيْدُ شَيْئًا غَالِيًا.

I don't want anything expensive.

مجھے کوئی مہنگی چیز نہیں چاہیے۔

أُرِيْدُ سَاعَةً مُنَبِّهَةً.

I want a time piece.

مجھے ایک ٹائم پیس چاہیے۔

كَمْ ثَمَنُهَا؟

What's the price of it?

اس کی قیمت کیا ہے؟

ثَمَنُهَا خَمْسُمِائَةِ رُوْبِيَّةٍ.

Its price is five hundred rupees.

اس کی قیمت پانچ سو روپے ہے۔

حَسَنًا: أَنَا اشْتَرِيْهَا.

All right. I'll purchase it.

ٹھیک ہے۔ میں اس کو خرید لیتا ہوں۔

إِلَيْكَ بِالإِيْصَالِ وَبِطَاقَةِ الْكِفَالَةِ.

Here is the receipt and guarantee card.

یہ رہی آپ کی رسید اور گارنٹی کارڈ

عِنْدِى أَيْضًا نُخْبَةٌ حَدِيْثَةٌ مِنْ سَاعَاتِ الْحَائِطِ.

I also have a latest collection of wall clocks.

میرے یہاں دیوار گھڑیوں کا نیا اسٹاک بھی ہے،

إِنِّي بِحَاجَةٍ فَقَط إِلَى سَاعَةٍ مُنَبِّهَةٍ.

I need only a time piece.

مجھے تو صرف ایک ٹائم پیس کی ضرورت ہے۔

اَلْقِ نَظْرَةً عَلَى هَذِهِ السَّاعَاتِ أَيْضًا.

Have a look at these watches also.

ان گھڑیوں پر بھی ایک نظر ڈال لیجیے۔

أَنَا مُتَأَكِّدٌ مِنْ أَنَّهَا سَتُعْجِبُكَ.

I am sure that you will like them.

مجھے یقین ہے کہ یہ آپ کو پسند آئیں گی۔

لَنْ تَدْفَعَ لَهَا أَكْثَرَ مِنْ خَمْسِمَائِةِ رُوْبِيَّةٍ.

You won't have to pay more than five hundred rupees for it.

اس کے لیے آپ کو پانچ سو روپے سے زائد نہیں دینے پڑے گے۔

حَسَنًا، آخُذُهَا أَيْضًا.	Fine, I'll take it too. ٹھیک ہے، میں یہ بھی لے لیتا ہوں
أَرْغَبُ فِي تَصْلِيحِ سَاعَتِي الْقَدِيْمَةِ.	I want to get my old watch repaired. میں اپنی پرانی گھڑی ٹھیک کرانا چاہتا ہوں۔
دَعْنِي أَفْحَصُهَا مِنْ فَضْلِكَ.	Let me check it, please ذرا میں اس کو چیک کرلوں
الزَّنْبُرُكُ الرَّئِيْسِيُّ مَكْسُوْرٌ.	The main spring is broken. بڑا سپرنگ ٹوٹا ہوا ہے۔
الرَّقَّاصُ فِي حَاجَةٍ إِلَى ضَبْطِهِ.	The pendulum needs to be set right. پینڈولم کوٹھیک کرنے کی ضرورت ہے۔
مَتَى سَتَكُوْنُ السَّاعَةُ جَاهِزَةً؟	When will the watch be ready? گھڑی کب تیار ہو جائے گی؟
إِذَا عُدْتَ بَعْدَ خَمْسَةِ أَيَّامٍ فَسَوْفَ تَجِدُهَا جَاهِزَةً.	If you come after five days you will get it ready. اگر آپ پانچ روز کے بعد آئیں گے تو گھڑی آپ کو تیار ملے گی۔
وَهُوَ كَذٰلِكَ.	O.K.(all-right) ٹھیک ہے۔

فِي مَحَلِّ أَدَوَاتٍ كَهْرَبَائِيَّةٍ وَالِكْتَرُونِيَّةٍ

At the Shop of Electrical Appliances and Electronic Items

الیکٹرونک اور بجلی کے سامان کی دکان پر

هَلْ يُوجَدُ فِيْ هَذَا السُّوْقِ مَحَلٌّ لأَدَوَاتٍ كَهْرَبَائِيَّةٍ وَالِكْتَرُوْنِيَّةٍ؟

Is there any shop of electrical appliances and electronic items in this market?

کیا اس بازار میں الیکٹرونک اور بجلی کے سامان کی کوئی دکان ہے؟

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ فِيْدِيُوْ وَكَامِيْرا.

I want to buy a video and a camera.

میں ایک ویڈیو اور کیمرا خریدنا چاہتا ہوں۔

أُرِيْـــدُ أَنْ أَشْتَـــرِيَ رَادِيُـــوْ، تَرَانْزِيْسْتُوْر وَمُسَجِّلاً وَمِكْوَاةً.

I want to buy a radio, a transistor, a tape recorder and an iron.

میں ایک ریڈیو، ایک ٹرانسسٹر، ایک ٹیپ ریکارڈر اور ایک استری خریدنا چاہتا ہوں۔

هَلْ عِنْدَكَ قُدُوْرُ الضَّغْطِ؟

Do you have pressure cookers?

کیا آپ کے پاس پریشر کوکر ہیں؟

أُرِيْـدُ أَنْ أَشْتَـــرِيَ قِـدْرَ ضَـغْـطٍ صَغِيْراً.

I want to buy a small pressure cooker.

میں ایک چھوٹا پریشر کوکر خریدنا چاہتا ہوں

أُرِيْدُ فَرَّامَةَ اللُّحُوْمِ وَالْخُضَارِ.

I want to buy a mincing machine for meat and greens.

مجھے سبزیاں اور قیمہ کوٹنے والی مشین چاہیے۔

أُرِيْدُ عَصَّارَةً.

I want a juicer.

مجھے ایک جوسر چاہیے۔

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ خَلَّاطَةَ الْحَلِيْبِ وَالْبَيْضِ.

I want to buy a milk and egg blender.

میں انڈا اور دودھ پھینٹنے والی مشین خریدنا چاہتا ہوں۔

هَلْ عِنْدَكَ مُجَفِّفُ الشَّعْرِ؟

Do you have a hair dryer?

کیا آپ کے پاس ہیر ڈرائیر ہے؟

هَلْ عِنْدَكَ خَلَّاطَةٌ؟

Do you have a mixer/ blender?

کیا آپ کے پاس مکسر ہے؟

أُرِيْدُ مَا كِيْنَةَ حِلَاقَةٍ.

I want a shaving machine.

مجھے ایک شیو بنانے کی مشین چاہیے۔

أُرِيْدُ مُكَبِّرَ صَوْتٍ.

I want a loudspeaker.

مجھے ایک لاؤڈ اسپیکر چاہیے۔

أُرِيْدُ أَنْ أَسْمَعَ هٰذِهِ الْأُسْطُوَانَةَ.

I want to listen to this record.

میں یہ ریکارڈ سننا چاہتا ہوں۔

مِنْ فَضْلِكَ أُرِيْدُ كَاسِيْتًا.

I want a cassette, please.

مجھے ایک کیسٹ چاہیے۔

أُرِيْدُ سِدَادًا لِهٰذَا.

I want a plugg for this.

مجھے اس کے لیے ایک پلگ چاہیے۔

هَلْ عِنْدَكَ بَطَّارِيَّةٌ؟

Do you have a battery?

کیا آپ کے پاس بیٹری ہے؟

هٰذَا مَكْسُورٌ، هَلْ يُمْكِنُكَ إِصْلَاحُهُ؟

It is broken can you repair it?

یہ ٹوٹ گیا ہے، کیا آپ اس کو ٹھیک کر سکتے ہیں؟

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ مُحَوِّلاً.

I want to buy a transformer.

میں ایک ٹرانس فارمر خریدنا چاہتا ہوں

هَلْ عِنْدَكَ شَرِيْطُ مُوْسِيْقٰى عَرَبِيَّةٍ؟

Do you have a cassette of Arabic music?

کیا آپ کے پاس عربی موسیقی کا کیسٹ ہے؟

هَلْ عِنْدَكَ شَرِيْطُ مُوْسِيْقٰى غَرْبِيَّةٍ؟

Do you have a cassette of Western music?

کیا آپ کے پاس مغربی میوزک کا کیسٹ ہے؟

هَلْ عِنْدَكَ شَرِيْطُ مُوْسِيْقٰى خَفِيْفَةٍ؟

Do you have a cassette of light music?

کیا آپ کے پاس لائٹ میوزک کا کیسٹ ہے؟

فِي الصَّيْدَلِيَّةِ
At the Chemist's Shop (Drugstore)
انگریزی دواؤں کی دکان پر

أَيْنَ أَقْرَبُ صَيْدَلِيَّةٍ؟

Where's the nearest chemist's shop?

قریب ترین انگریزی دواؤں کی دکان کہاں ہے؟

مَتَى تُفْتَحُ /تُقْفَلُ الصَّيْدَلِيَّةُ؟

When does the chemist's shop open/ close?

دواؤں کی دکان کب کھلتی ہے؟ کب بند ہوتی ہے؟

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِى بَعْضَ الْأَدْوِيَةِ.

I want to buy some medicines.

میں کچھ دوائیں خریدنا چاہتا ہوں

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تَنْصَحَنِي بِدَوَاءٍ لِلْبَرْدِ /السُّعَالِ/ضَرْبَةِ الشَّمْسِ / دُوَارِ السَّفَرِ؟

Can you recommend me a medicine for cold / cough/ sunburn/ travel dizziness?

کیا آپ مجھے کوئی دوا بتا سکتے ہیں، سردی زکام کے لیے/ کھانسی کے لیے/ لو لگنے کے لیے/ سفر کی وجہ سے چکر کے لیے۔

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُجَهِّزَ لِيْ هَذِهِ الْوَصْفَةَ الطِّبِّيَةَ؟

Can you prepare this medical prescription?

